تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December,15 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ آرکی ٹیکچر کے طلبا نے وکست بھارت ایٹ دی ریٹ ٹوینٹی فورٹی سیون کے تصور پر اپنے افکار پیش کیے

وکست بھارت ایٹ دی ریٹ ٹوینٹی فورٹی سیون کی مہم کے حصے طور پر فیکلٹی آف آرکی ٹیکچر جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کے ایف ٹی کے سینٹر فار انفارمیشن ٹکنالوجی میں قائم آئیڈیشن سینٹر میں وکست بھارت ایٹ دی ریٹ ٹوینٹی فورٹی سیون سے متعلق اپنے افکار وخیالات پیش کیے۔

شعبہ آرکی ٹیکچر اور ڈپارٹمنٹ آف ڈیزائن اینڈ انوویشن کے کل دس طلبا نے پروگرام میں اپنے تصورات پیش کیے۔ان کے ہمراہ تین فیکلٹی اراکین بھی تھے جنھوں نے وکست بھارت کے مقصد کے حصول کے لیے نوجوانوں سے اس موضوع پر مذاکرات میں حصہ لیا۔

طلبا کی تمام تر توجہ ایک ایسے بھارت کی تشکیل پر تھی جو ہر طرح سے 'وشوگرو' ہو۔ ہندستانی قدروں سے لے کر تہذیبی وراثتوں ،خوش حالی کی ضامن ،مساوات، صحت مند ، جامع اور مصنفانہ سماج، گاؤں اور شہروں کے درمیان خلیج کو پُر کرنے والا، اسمارٹ ویلیج، اور اسمارٹ سیٹیز کے پائے دار ماڈلز کو اپنانا، عالمی معیار کا آرکی ٹیچر اور بنیادی ڈھانچہ تیار کرنا جس میں آب وہوا کی تبدیلی کو جھیلنے کی سکت ہو اور پائے دار ہو، گرین بلڈنگ اور بایو میمکری، بہترین منصوبہ بند قابل رسائی عوامی مقامات، قدرتی مواد کا استعمال، مصنوعات اور آبادیوں کے لیے قدرتی وفطری حکمت عملیاں، خودکار اور مصنوعی ذہانت جیسے مناسب اور موزوں آلات کا استعمال تک۔انھوں نے مہتم بالشان مقاصد کے حصول کے لیے فعال تعلیمی نظام، جدید تحقیق اور نئی ٹکنالوجیز کو بروئے کار لانے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔صارف مرکوز ڈیزائن اور آفاقی ڈیزائن جو پسماندہ لوگوں کی ضرورتوں پر توجہ دے ان پہلوؤں پر بھی طلبا نے زور دیا۔

اس موقع پر بیچلر ڈگری آف آرکی ٹیچر کے طلبا ندا صدیقی، فیضان احمد، انصرام اے خان، تنوی نے اپنے اپنے افکار وتصورات پیش کیے۔ ماسٹر پروگرام آف آرکی ٹیکچر کی طالبہ رقیہ نے بھی متعلقہ موضوع پر اپنے تصورات رکھے۔ ماسٹر آف ڈیزائن کورس کے طلبا یعنی پراچی شرما، عبداللہ زبیری، نبیل، تشار پانڈے اورنہال کمار نے بھی اس موقع پر اپنے آرا کا اظہار کیا۔ طلبا کے ہم راہ شعبہ جات کے فیکلٹی اراکین ڈاکٹر توصیف مجید، ار۔ مدیحہ رحمان اور پروفیسر حنا ضیا بھی تشریف لائے تھے۔

وکست بھارت ایٹ دی ریٹ ٹوینٹی فورٹی سیون کے تصور کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے طلبا نے اپنے اعتماد اور اپنی پرامیدی کا اظہار کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی